سبق : ۴

عید

آج عید کا تہوار ہے۔ ہر طرف خوشی ہی خوشی ہے۔ یہ تہوار بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ یہ تہوار رمضان کے مہینے بھر کے روزوں کے بعد آتا ہے۔ روزوں میں صبح سے شام تک لوگ نہ تو کچھ کھاتے ہیں اور نہ پیتے ہیں۔ آخری روزہ کے دن جب شام کو نیا چاند دکھائی دیتا ہے تو اگلے دِن عید منائی جاتی ہے۔ اس عید کو 'عیدالفطر' کہتے ہیں۔ اسے 'میٹھی عید' بھی کہا جاتا ہے۔

کئی دن پہلے سے عید کی تیاریاں کی جا رہی تھیں۔ بازاروں میں بھی بڑی رونق تھی۔ کوئی کپڑے خرید رہا تھا، تو کوئی جوتے۔ کچھ سویّاں اور مٹھائیاں خرید رہے تھے۔ چوڑیوں کی دُکانوں پر عورتوں کی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ آج صبح ہوتے ہی سبھی چھوٹے بڑوں نے نہا دُھو کر نئے کپڑے پہنے اور عطر لگائے۔ ہر شخص خوش نظر آ رہا ہے۔ عید کی نماز کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ گھر گھر سویّاں بنائی جا رہی ہیں۔

بچوں کی خوشی کا تو کوئی ٹھکانا نہیں۔ عماد بھی آج بہت خوش ہے۔ اس کے ابّو نے اس کے لیے نیا کُرتا پاجامہ اور ٹوپی سلوائی ہے۔ نہا دُھو کر عذرا نے بھی قمیض اور شلوار پہنی ہے۔ وہ گوٹے والا دوپٹہ اوڑھ کر بہت خوش ہے۔

شہر سے لوگوں کی ٹولیاں عیدگاہ کی طرف چل پڑی ہیں۔ ساتھ میں بچے بھی ہیں۔ وہ ہنستے کھیلتے جا رہے ہیں۔

سب لوگ عیدگاہ پہنچ گئے ہیں۔ وہاں سبھوں نے صفوں میں کھڑے ہوکر نماز پڑھی۔ نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر خدا سے دعا مانگی۔ اس کے بعد سب ایک دوسرے سے گلے ملے اور عید کی مبارک باد دی۔

عیدگاہ کے باہر میلہ لگا ہوا ہے۔ مٹھائی اور کھلونوں کی دکانیں سجی ہوئی ہیں۔ ہنڈولے بھی لگے ہوئے ہیں، بچے جھولا جھول رہے ہیں۔ عماد کے ابّو نے مٹھائی خریدی۔ کھلونوں کی دُکان سے عماد نے اپنے لیے جہاز اور عذرا کے لیے ناچنے والا ریچھ خریدا۔

سب خوشی خوشی لوٹ کر گھر آئے۔ عماد کو دیکھتے ہی عذرا دوڑی آئی۔ عماد نے اُسے مٹھائی اور کھلونے دیئے۔ عذرا خوش ہوکر کمرے میں دوڑی دوڑی آئی۔

آج سب لوگ شوق سے سویاں کھاتے ہیں اور ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دیتے ہیں۔ عماد کے دوست موہن اور وسیم عید کی مبارکباد دینے عماد کے گھر آئے۔ عماد کی امی نے انھیں بھی سویاں اور مٹھائیاں کھلائی۔

پڑھیے اور سمجھیے:



مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

۱- عید کا تہوار کب منایا جاتا ہے؟
۲- رمضان کے دِنوں میں مسلمان کیا کرتے ہیں؟
۳- عیدالفطر کو 'میٹھی عید' کیوں کہتے ہیں؟
۴- عید کی نماز پڑھنے کہاں جاتے ہیں؟
۵- عیدگاہ کے باہر کیا ہو رہا تھا؟

نیچے لکھے ہوئے لفظوں کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:

چوڑیوں صف عورتوں عیدگاہ رونق عطر

۱- ....کی دُکانوں پر............کی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔
۲- عید کے دن لوگ............میں نماز پڑھنے جاتے ہیں۔
۳- بازاروں میں بڑی............تھی۔
۴- سب لوگوں نے............بنا کر نماز پڑھی۔
۵- نئے کپڑے پہنے اور............لگائے۔

۱- عید کے تہوار پر پانچ جملے لکھیے۔

....

....

....

....

....

۲- خوشخط لکھیے

رمضان	روزہ	نماز	عیدالفطر	سویاں
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....

نیچے لکھے الفاظ میں ''دار'' لگا کر لفظ بنایئے۔

مثال: دکان + دار = دکاندار

روزہ۔ ....

دم۔ ....

ہوا۔ ....

چمک۔ ....

واحد سے جمع بنایئے:

۱- سِوئی .... ۲- مٹھائی ....

۳- عورت .... ۴- چوڑی ....

۵- دُکان ....

عیدالفطر کے علاوہ اور کون سی عید ہوتی ہے؟۔

اپنی یاد سے پانچ تہواروں کے نام لکھئے۔

عید میں آپ کون کون سی میٹھی چیزیں پسند کرتے ہیں ان کے نام لکھئے۔